سوال

(376) ہر دعا کے اول آخر درود پڑھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہر دعا کے اول آخر درود پڑھنا چاہیے۔ اور سوائے وقت نماز کے بھی اللہ عزوجل سے طلب حاجات کے لئے دعا مانگتے وقت بھی اول و آخر دعا کے درود پڑھنا چاہیے اور کیا ہر دعا کے وقت ہاتھوں کا اٹھانا افضل ہے۔ یا بغیر ہاتھ اٹھائے بھی اور جب امام دعا مانگے تو مقتدی کے سوا طلب حاجات و بہتری اپنی اور کل مومن و مسلمانوں کی مانگ سکتا ہے۔ یا صرف آمین آمین ہی کہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دعا میں ہاتھ اٹھانا آیا ہے۔ لیکن اگر ایسے موقعے میں دعا مانگتا ہے۔ جہاں ہاتھ نہیں اٹھا سکتا۔ مثلاً سجدے میں یا قعدے میں تو ایسی جگہ ہاتھ اٹھانا ضروری نہیں امام کی دعا پر مقتدی آمین کہے۔ اور اگر اس کی کوئی خاص حاجت بھی ہے۔ تو وہ الگ طلب کرے۔ منع نہیں۔ امام کی دعا میں شریک رہے۔ اور اپنی حاجت بھی طلب کرے۔ لکل امرء ما نوی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امر تسری

جلد 01 ص 569

محدث فتویٰ